Health Information and Quality Authority

An tÚdarás Um Fhaisnéis agus Cáilíocht Sláinte

بین الاقوامی پناہ کی رہائشی خدمات کی نگرانی کے متعلق

Urdu

معائنہ رپورٹس

معائنے کے بعد ایک رپورٹ تحریر کی جاتی ہے اور اسے ہماری ویب سائٹ www.hiqa.ie پر شائع کیا جا سکتا ہے۔

اس میں معائنے کے دوران سامنے آنے والے حقائق کا خلاصہ دیا جاتا ہے اور جہاں ضروری ہو تو مطلوبہ تبدیلیوں کے متعلق لائحہ عمل دیا جاتا ہے۔ رہائشی اور عام شہری دیکھ سکتے ہیں کہ خدمات کے کونسے حصے اچھے ہیں اور کونسے حصوں کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔

ہم سے رابطہ

مزید معلومات کے لیے یا ہماری ٹیم رکن سے بات کرنے کے لیے، آپ ہمیں (۰۱) ۸۱٤ ۷٤۰۰ پر کال کر سکتے/سکتی ہیں یا info@hiqa.ie پر ہمیں ای میل کر سکتے/سکتی ہیں۔ آپ ہمیں اس پتے پر بھی لکھ سکتے/سکتی ہیں:

HEALTH INFORMATION AND QUALITY AUTHORITY,
SMITHFIELD,
DUBLIN 7,
D07 E98Y.

+353 (0)1 814 7400

INFO@HIQA.IE

WWW.HIQA.IE

عملیاتالتفتیش

ہم یہ دیکھنے کے لیے پناہ کے عمل سے گزرنے والے افراد کو پیشکش کردہ رہائش کا معائنہ کرتے ہیں کہ کیا خدمت فراہم کرنے والے قومی معیارات پر پورا اترتا ہے۔ HIQA کے سائٹ معائنہ جات مدد دیتے ہیں کہ:

- رہائشیوں کو بتانے کا موقع دیا جائے کہ وہاں رہنا کیسا ہے
- عوام الناس کو فراہم کی جانے والی خدمات کے معیار اور محفوظ ہونے کے متعلق آگاہ کیا جائے
- جہاں ضرورت ہو وہاں بہتری لائی جائے۔

ہمارے معائنہ جات اطلاع دے کر یا بغیر اطلاع کے ہو سکتے ہیں۔ ہم رہائشیوں کے رہائشی انتظامات کے احترام اور ان کے عمومی معمولات میں کم سے کم مداخلت کی ہرکوشش کریں گے۔

معائنے کے عمل کے دوران ہم:

- رہائشیوں، عملے اور منتظمین کے ساتھ بات چیت کریں گے
- مکمل شدہ سوالنامے جمع کریں گے
- دستاویزات مثلاً پالیسیوں کا جائزہ لیں گے
- عمارات کا دورہ کریں گے اور روزمرہ زندگی کا مشاہدہ کریں گے۔

المعلیرالوطنية

وزیر برائے اطفال، مساوات، معذوری، انضمام اور نوجوانان کی درخواست پر، HIQA پناہ کے عمل سے گزرنے والے افراد کو رہائش کی فراہمی کے قومی معیارات کے مطابق پناہ کے عمل سے گزرنے والے افراد کو فراہم کردہ رہائشی خدمات کی نگرانی کرتا ہے۔

قومی معیارات 2019 سے نافذ العمل ہیں اور انہیں ہماری ویب سائٹ پر پڑھا جا سکتا ہے۔ www.hiqa.ie

قومیمعیاراتکےموضوعات

قومی معیارات کے ۱۰ موضوعات ہیں جن میں مرکز اور اسکے عملے کا نظم و نسق، ہنگامی حالتوں کے لیے تیاری اور رہائشیوں کا نقصان سے تحفظ شامل ہیں۔ معیارات فراہم کردہ رہائش کے معیار اور اس امر کے متعلق بھی توقعات طے کرتے ہیں کہ رہائشیوں بالخصوص مخصوص مدد کے ضرورتمند افراد کی کیسے دیکھ بھال کی جاتی ہے اور روزمرہ زندگی میں انکی مدد کیسے کی جاتی ہے۔

HIQA کا تعارف

صحت کی معلومات اور معیار کا ادارہ (HIQA) ایک آزاد ادارہ ہے، جو آئرلینڈ میں صحت اور سماجی نگہداشت کی بہت سی خدمات کے معیار اور حفاظت کو بہتر بنانے میں مدد کے لیے قائم کیا گیا ہے۔

ہم خدمات مثلاً ہسپتالوں، نگہداشتی مراکز اور بچوں و معذور افراد کی دیکھ بھال کے مراکز کے محفوظ اور معیاری ہونے پر نگاہ رکھتے ہیں۔

ہم بین الاقوامی پناہ گاہوں کے رہائشی مراکز (براہ راست فراہمی) کی بھی نگرانی کرتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ HIQA معائنہ کار یہ یقینی بنانے کے لیے ان خدمات کا دورہ کرتے ہیں کہ وہ محفوظ ہیں اور قومی معیارات پر پورا اترتی ہیں۔